مطبوعات

سوشلزم یا اسلام | تالیف پروفیسر خورشید احمد صاحب۔ شائع کردہ مکتبہ چراغ راہ کراچی۔ صفحات ۳۲۱، قیمت ساڑھے پانچ روپے۔

یہ قابل قدر کتاب پروفیسر خورشید احمد صاحب کی وسعتِ مطالعہ، دقتِ نظر، اور گہرے تفکر کی آئینہ دار ہے۔ سوا تین سو صفحات میں انہوں نے اشتراکیت کا اس قدر جامع تجزیہ پیش کیا ہے کہ اس کا کوئی پہلو نظروں سے اوجھل نہیں رہا۔ کتاب کی ابتدا اشتراکیت کے مفہوم سے کی گئی ہے اور اسی باب میں اس نظام کے ارتقاء، اس کی ہمہ گیری، اشتراکیت اور اشتمالیت میں فرق کے بارے میں قریب قریب سارے مباحث شامل ہیں۔ دوسرے باب میں پروفیسر صاحب نے اشتراکیت کے مثبت پہلوؤں کا جائزہ پیش کیا ہے اس کے بعد اشتراکیت کی فکری اور نظری الجھنیں بیان کی گئی ہیں۔ پھر اشتراکیت کے ان پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا ہے جن میں اُس کی اصل ناکامی کے راز مُضمر ہیں۔

پروفیسر صاحب نے صرف نظری مباحث پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ عالمِ واقعات میں اشتراکیت کی ناکامیوں سے بھی بحث کی ہے اور پورے دلائل کے ساتھ یہ حقیقت واضح کی ہے کہ اشتراکیت کا گہوارہ روس اشتراکی اصولوں کا مدفن ہے اور اس کے نظامِ معیشت میں وہ ساری خرابیاں موجود ہیں جو کسی سرمایہ دارانہ نظام میں پائی جاتی ہیں۔ کتاب کے آخری حصے میں فاضل مصنف نے اشتراکیت کے مقابلے میں اسلامی نظامِ حیات کی برتری ثابت کی ہے۔

مصنف کا اندازِ بیان بڑا علمی اور دلچسپ ہے۔ انہوں نے جو بات کہی ہے اس کے حق میں ناقابلِ تردید شواہد پیش کیے ہیں۔ ہم اس کتاب کے مطالعہ کی پُرزور سفارش کرتے ہیں۔ اُردو زبان میں

اس سے زیادہ جامع اور وزنی کتاب دیکھنے میں نہیں آئی۔ اس کا انگریزی اور عربی میں ترجمہ بھی بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

معیار کتابت وطباعت عمدہ ہے۔

اسلامی تحقیق کا مفہوم، مدعا اور طریق کار | ڈاکٹر محمد رفیع الدین۔ ایم اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی لٹ۔ شائع کردہ: دارالاشاعت الاسلامیہ لاہور۔ قیمت ایک روپیہ۔

ڈاکٹر رفیع الدین صاحب مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے فہم رسا کے ساتھ دلِ بیدار بھی دے رکھا تھا۔ انہوں نے اسلام کے جن پہلوؤں پر لکھا، بڑے تدبّر، دانائی اور مومنانہ بصیرت کے ساتھ لکھا۔ یہ کتابچہ ان کی سلامتیِ فکر کا ایک اچھا نمونہ ہے۔ اس میں انہوں نے ملک کے تحقیقِ اسلامی کے اداروں کو ان کی اصل ذمہ داریوں کا احساس دلایا ہے اور انہیں بتایا ہے کہ بحیثیت مسلمان ہمیں کس نہج اور انداز پر تحقیق کرنے کی ضرورت ہے۔

A BOOK OF QURANIC LAWS | قرآنی قوانین کی کتاب | تالیف: محمد ولی بھائی سوداگر۔ ناشر: شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور۔ قیمت ساڑھے سات روپے۔ صفحات ۱۹۵

اس کتاب میں مصنف نے توحید، عبادات، صدقہ وخیرات، روزہ، حج، اکل وشرب کے بارے میں اسلامی ضابطے اور قوانین، نکاح، طلاق، وراثت، سود اور پردہ کے بارے میں قرآن مجید کے احکام کو یکجا کر دیا ہے۔ آیات کے ترجمہ کے لیے راڈویل کا ترجمۂ قرآن سامنے رکھا گیا ہے۔ اس طرح اس کے ترجمے کے بہت سے اسقام بھی کتاب میں منتقل ہو گئے ہیں۔ جو انگریزی دان مندرجۂ بالا موضوعات پر قرآن مجید کی آیات کو یکجا دیکھنا چاہتے ہیں انہیں اس مجموعے سے اچھی خاصی رہنمائی مل سکتی ہے۔ مرتب کے بعض ذاتی اجتہادات سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔

طباعت وکتابت کا معیار گوارا ہے۔